ننھا تسمانیئن

# کیٹی کا باغ



خاکے:
Shiloh Longbottom

Urdu | اردو



کسی زمانے میں یہاں
ایک فیکٹری تھی۔
پھر فیکٹری ختم ہو گئی۔
اب یہ صرف خالی زمین ہے
جہاں بچے بھی نہیں کھیلتے۔



کیٹی تسمانیہ میں رہتی ہے
اور اس کا گھر قریب ہی ہے۔
وہ اس بھولی بسری جگہ سے گزرتی ہے،
رکتی ہے اور سوچتی ہے کہ یہ زمین خالی کیوں ہے۔




کیٹی نے اپنے ایک دوست کو
دیکھا جو ایک گملا لیے ہوئے آ رہا تھا۔
وہ سوچتی ہے کہ شاید ایک یا پودوں
سے یہ خالی زمین اچھی نظر آنے لگے۔

جان کہتا ہے کہ یہاں درخت اگانا آسان
نہیں ہو گا لیکن کوشش کی جا سکتی ہے۔
"کیوں نہ ہم پھول اگائیں اور شہد کی
مکھیوں کے لیے ایک گھر بنا دیں؟"






ہمارا طریقہ یہی ہے
کہ ہم مل کر کام کرتے ہیں۔
ہمارے ہمسایے ہماری مدد کے لیے آتے ہیں۔
دور کے ہمسایے بھی آتے ہیں اور قریب کے بھی۔

هم سردیوں میں تیاری کرتے ہیں۔
سردی ہے لیکن زندگی کی گہما گہمی ہے۔
مارز بیجوں کا تھیلا لائی ہے۔
دوسرے دوست بھی آ گئے ہیں۔






یہ کام سخت ہے۔ ہمارے خواب اونچے ہیں۔
ہم مٹی کھودتے ہیں، بیج ڈالتے ہیں اور پودے اگاتے ہیں۔
اپنا باغ اگانے کے لیے، نئی چیزیں سیکھنے اور نئے
کاموں کی کوشش کرنے میں بہت مزا آتا ہے۔



ڈیوڈ اپنے اوزار ساتھ لایا ہے۔
ہم باغ میں شیڈ بنائیں گے۔
بارش ہوتی ہے اور پھر سورج نکل آتا ہے۔
ہم پھولوں کی کیاری صاف کرتے ہیں۔




اس علاقے میں لیدر وُڈ اور باسکٹ
گراس ہمیشہ سے اگتے آئے ہیں۔
اب مٹن برڈز اور وومبیٹس نظر آنے
لگے ہیں۔



گرمیوں میں ہمیں پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔
کارلیٹا کو پتہ ہے کہ پانی کہاں ملے گا۔
یہ ہمیشہ سے ایسا ہے۔
اسی لیے ہم ہمیشہ یہیں رہے ہیں۔



کیٹی تسمانیہ میں رہتی ہے۔
اس نے خالی زمین پر اپنے دوستوں کے
ساتھ مل کر محنت کی اور ایک باغ لگا دیا۔

ہم سب کسی نہ کسی کام میں اچھے
ہوتے ہیں، چاہے بہت بڑے کام ہوں یا چھوٹے۔
کیٹی نے یہ کر دکھایا! آپ بھی بہت کچھ کر سکتے ہیں ...





ہاں، یہ آپ ہیں۔

دیکھیں!
ہم سب میں ایک ننھا تسمانیئن موجود ہے۔

## کیا آپ یہ تسمانیئن جانور ڈھونڈ سکتے ہیں؟



1 پلیٹیپس



2 ننھے تسمانیئن مینڈک



3 لمبے کانوں والی تسمانیئن چمگادڑیں



4 ایمپرر گم پتنگے



5 کامن وومبیٹ



6 تسمانیئن ڈیول




7 فورٹی سپاٹڈ پارڈالوٹس



8 آسٹریلین وُڈ ڈکس



9 چھوٹی چونچ والے ایکڈنا



10 ایسٹرن بارڈ بینڈیکوٹ





## (ڈیوڈ فوسٹر) David Foster

David Foster OAM لکڑی کاٹنے کے مقابلوں کے عالمی چیمپیئن ہیں اور انہیں اکثر آسٹریلیا کا کامیاب ترین ایتھلیٹ کہا جاتا ہے۔ ڈیوڈ کا بچپن شمال مغربی تسمانیہ میں گزرا اور انھوں نے اپنا پہلا عالمی ٹائٹل دوہرے ہتھے والی آری چلانے کے مقابلے میں اپنے والد کے ساتھ ٹیم میں جیتا۔ انھوں نے بہت سے ریکارڈ توڑے اور مسلسل 21 سال عالمی ٹائٹلز برقرار رکھے۔ غالباً وہ دنیا بھر میں کسی بھی کھیل میں وہ واحد ایتھلیٹ ہیں جس نے مختلف سطحوں پر 1000 سے زیادہ ٹائٹلز جیتے ہوں۔ ڈیوڈ کو 2020 میں Sport Australia Hall of Fame میں شامل کیا گیا اور انہیں سال رواں کے تسمانیئن آسٹریلین اور ANZAC کا اعزاز، ہزار سالہ دور کا میڈل اور آرڈر آف آسٹریلیا میڈل سمیت بہت سے اعزازات مل چکے ہیں۔ وہ بوڑھوں کی نگہداشت، ذہنی صحت اور LGBTQIA+ لوگوں کے حقوق کے لیے کام کرتے ہیں۔ ڈیوڈ کے نزدیک دنیا بھر میں رہنے کے لیے سب سے اچھی جگہ تسمانیہ ہے۔ وہ تسمانیہ کے ہر بچے اور نوجوان کو بتانا چاہتے ہیں کہ اگر انسان خود پر بھروسا کرے تو اپنے خوابوں کو حقیقت بنا سکتا ہے۔



## (کارلیٹا تھامس) Carleeta Thomas

Carleeta Thomas شمال مشرقی lutruwita/تسمانیہ سے تعلق رکھنے والی pakana خاتون ہیں جنہیں اپنے پس منظر پر فخر ہے۔ کارلیٹا کی پیدائش truwana/Cape Barren Island میں ہوئی اور بچپن یہیں گزرا جہاں وہ بڑے شوق سے اپنے گھر والوں کے ساتھ مٹن برڈز کے شکار کے لیے جاتی ہیں۔ کارلیٹا ایوارڈ یافتہ wukalina Walk کی بانی گائیڈ ہیں جو wukalina (ماؤنٹ ولیم نیشنل پارک) اور larapuna (Bay of Fires) میں palawa قبیلے کی ملکیت اور انتظام میں چلنے والی سیاحتی سرگرمی ہے۔ "جب میں پہلی بار wukalina آئی تو میرا یہ اپنے اصل وطن آنے کا پہلا موقع تھا،" کارلیٹا بتاتی ہیں۔ "یہ عین وہی جگہ ہے جہاں نارتھ ایسٹ نیشن کا truwulway قبیلہ رہتا تھا۔ ہمارا تعلق پیچھے سے Mannalargenna سے ہے۔ جب میں Cape Barren میں اپنے آبائی علاقے میں، اپنے اجداد کی موجودگی میں ہوں تو مجھے وابستگی کا احساس ہوتا ہے۔ جب میں نے گائیڈ کا کام شروع کیا تو مجھے زیادہ لوگوں کے سامنے بولنے کا تجربہ نہیں تھا۔ ہائی سکول میں مجھ میں ایسا اعتماد کبھی نہیں رہا۔ بس اگر دو تین لوگ ایسے ہوں جو آپ کے اندر چھپی صلاحیت کو پہچان لیں تو وقت کے ساتھ ساتھ آپ اپنی صلاحیت کو نکھار سکتے ہیں۔"



## (جان کمارا) John Kamara

John Kamara ایک پناہ گزین کے طور پر تسمانیہ آئے تھے۔ اب وہ تارکین وطن کو ہر جگہ پیش مسائل مثلاً نسلی تعصب، روزگار کی دنیا میں استحصال اور سمندر پار حاصل کردہ کوالیفیکیشنز کی منظوری جیسے معاملات کو سامنے لانے کے لیے کام کرتے ہیں۔ جان تارکین وطن کو ملازمت اور رہائش تلاش کرنے میں مدد دیتے ہیں اور ملٹی کلچرل کوائرز میں بھی حصہ لیتے ہیں۔ جان Culturally Diverse Alliance of Tasmania کے بانیوں میں سے ایک اور صدر ہیں نیز وہ African Communities Council of Tasmania کے بانیوں میں سے بھی ہیں۔ وہ 2023 کے تسمانیئن آسٹریلین تھے۔ جان اور ان کی اہلیہ Mavis نے Kamara's Heart Foundation قائم کی جو سیرالیون اور گھانا میں طالبعلموں کے لیے تعلیمی وسائل مہیا کرنے والی فلاحی تنظیم ہے۔ جان اور ان کے خاندان کے لیے تسمانیہ ان کا وطن ہے اور ان کا ہدف لوگوں کو متحد کرنا اور سب کے لیے بہتر اور زیادہ منصفانہ زندگی ممکن بنانا ہے۔



## (مارز بٹرفیلڈ ایڈیسن) Mars Buttfield-Addison

Mars Buttfield-Addison کمپیوٹر سائنٹسٹ اور سائنس کمیونیکیٹر ہیں۔ وہ کم عمری میں ایک نئی زندگی شروع کرنے اور تعلیم کی خاطر تسمانیہ آئی تھیں۔ چونکہ مارز کا شعبہ ٹیکنالوجی ہے، انہوں نے ویژول ڈیزائن، صحت عامّہ، ایرو سپیس اور بہت سے دوسرے شعبوں کے مسائل حل کیے ہیں۔ اب وہ یونیورسٹی آف تسمانیہ میں ریڈیو ٹیلی سکوپس پر کام کرتی ہیں جن سے سیٹیلائٹس اور خلا میں موجود ملبے کا سراغ لگایا جاتا ہے۔ مارز نے پبلک STEM پروگرامز اور سکولوں کے STEM پروگرامز کے ذریعے ہزاروں طالبعلموں کو مدد دی ہے اور آسٹریلیا بھر میں سکولوں اور سائنس کے پروگراموں میں استعمال ہونے والی تعلیمی ایپس اور گیمز بنائی ہیں۔ مارز یہ فرسودہ تصوّر ختم کرنا چاہتی ہیں کہ بڑے مواقع حاصل کرنے کی خاطر تسمانیہ سے نکلنا ضروری ہے اور وہ بالکل ننھے تسمانیئنز کو بھی ہر جگہ موجود سائنس اور خوبصورتی کو سمجھنے کا شوق دلانا چاہتی ہیں۔



ننھا تسمانیئن

# کیٹی کا باغ

بالکل آپ جیسے کسی انسان نے یہ
کام کیا، اور آپ بھی کر سکتے ہیں!

یہ کتاب تسمانیہ کے ایک بہت خاص
بچے کی ہے۔

پڑھیں + اور آپ
کو نئی باتیں پتہ
چلیں گی

Forty South PUBLISHING

TASMANIAN

Brand Tasmania
Hobart, Tasmania, Australia | littletasmanian.com.au
تحریر اور خاکوں کا کاپی رائٹ Brand Tasmania 2024 ©
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
کیٹیلاگنگ ان پبلیکیشن کی تفصیلات نیشنل لائبریری آف آسٹریلیا سے دستیاب ہیں
ISBN 978-0-6459835-6-2
ڈیزائن اور خاکے: Shiloh Longbottom
ISBN 9780645983562